کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۹ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۰ھ مطابق ۳۰ فروری ۱۹۳۱ء جلد ۵۲

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱ انعام بسلسلہ روانگی اعلی حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بتمام ریاست اندر وغیرہ۔ ۳
۲ روبکار بابت منظوری انتظامات افسران فوج۔ //
۳ روبکار بابت منظوری قواعد تفویض اختیارات ریاست رامپور ۱۹۳۱ء //

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار واقع ۴ فروری ۱۹۴۳ء

مابدولت واقبال ۱۱ فروری سنہ ۱۹۴۳ء کی سہ پہر کو نہضت فرمائے ریاست اندور ہوں گے۔ ۱۲ فروری کو اندور قیام ہوگا۔ ۱۳ فروری کو ریاست دیواس جونیر۔ ۱۴ فروری کو ریاست اندور واپس ہوکر ۱۶ فروری تک وہاں قیام رہے گا۔ ۱۷ فروری کو ریاست جاورہ۔ ۱۸ فروری کو ریاست پرتاب گڑھ۔ ۱۹ فروری کو رتلام سے روانہ ہوکر ۲۰ فروری کی صبح رامپور مراجعت ہوگی۔ ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

۱۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر عالیمرتبت صاحب ریونیو وفائنانس منسٹر بہادر اور صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر ہمارے ہمرکاب جائیں گے۔ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر علاوہ خدمات متعلقہ اور عالیمرتبت صاحب ریونیو وفائنانس منسٹر بہادر کا کام صاحب ڈپٹی ریونیو منسٹر بہادر اور سکریٹری صاحبان بہادر ماتحت متعلقہ انجام دیں گے اور صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر کا کام صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر علاوہ خدمات متعلقہ انجام دیں گے۔

۲۔ اجلاس ہمایوں کے ضروری اور معمولی کاغذات پر عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر "بائی آرڈر" دستخط کریں گے۔ بقیہ کاغذات تا واپسی دفتر میں رہیں گے۔

۳۔ اس عرصہ میں اگر کوئی غیر معمولی واقعہ پیش آجائے تو اسٹیٹ کونسل کا فیصلہ قطعی ہوگا۔ چونکہ رامپور میں دو ممبر کونسل عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر اور عالیمرتبت صاحب اسٹیٹ ایڈوکیٹ بہادر موجود ہوں گے۔ اس لئے کونسل کا کورم پورا کرنے کے لئے عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کو بحیثیت ممبر اسٹیٹ کونسل شریک کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رُوبکار:-

واقع ۵ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و حکمہم

حسب استدعائے عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مندرجۂ تحت انتظامات کی منظوری دیجاتی ہے:-

۱- میجر عمران شاہ خاں آفیسر کمانڈنگ سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کو آفیسر کمانڈنگ ٹریننگ کمپنی مقرر کیا جاتا ہے۔ تیس روپیہ ماہوار کی کمانڈ الاؤنس ٹریننگ کمپنی سے پائیں گے۔ الاؤنس کی رقم سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری سے ٹریننگ کمپنی میں منتقل کیجائے

۲- لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر علاوہ خدمات چیف کمانڈنٹ کے آفیسر کمانڈنگ سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کی خدمات بھی انجام دیں گے۔

۳- کپتان فضل القادر خاں کو سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں ایڈجوٹنٹ و کوارٹر ماسٹر مقرر کیا جاتا ہے۔ پندرہ روپیہ ماہوار الاؤنس ایڈجوٹنٹ منظور شدہ حسب تاریخ کارکردگی سے ملے گا۔

۴- کپتان ابن حسن کو سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں سی کمپنی کا کمانڈر مقرر کیا جاتا ہے۔

مصرحۂ بالا انتظامات کا عملدرآمد ۱۰ فروری ۱۹۳۱ء سے ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی آرڈر جاری کیا جائے

روبکار:-

واقع ۵ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و حکمہم

قواعد تفویض اختیارات ریاست رامپور ۱۹۳۶ء کے قاعدہ (۱) کے تحتی نوٹ میں تحریر ہے کہ "اسٹیٹ کونسل سکریٹری صاحبان بہادر اور افسران صیغہ کے اختیارات کے قواعد مرتب کرکے برائے منظوری اجلاس ہمایوں میں پیش کرے"

چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے حسب منشائے نوٹ مصرحۂ بالا قواعد محولہ کی کل دفعات اور منظور شدہ ترمیمات کو دیکھنے کے بعد موجودہ ضروریات کا لحاظ رکھتے ہوئے ایک جدید مسودہ قواعد تفویض اختیارات پیش کیا۔

ان قواعد میں کونسل نے عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر کے اختیارات میں بھی ترمیم کی

مابدولت واقبال نے بعد ملاحظہ ان قواعد میں مناسب ترمیمات کیں۔ بشمول ترمیمات اور عبارت کی درستی کے بعد از سر نو مسودہ قواعد مذکور مرتب کیا گیا۔

لہذا "قواعد تفویض اختیارات ریاست رامپور ۱۹۴۱ء" مرتبہ اجلاس کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

نوٹ:- قواعد محولۂ بالا کی کاپی گزٹ کے آخر میں شامل ہے۔